**Shabbir / Fazil**

**20-03-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے قطر کے امیر سے فون پر بات کی اور مغربی ایشیا کے خطے میں توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملوں کی مذمت کی۔

2- برطانیہ، فرانس، جرمنی، اٹلی، نیدرلینڈس اور جاپان نے آبنائے ہرمز کی سیکیورٹی اور تیل مارکیٹ میں استحکام کو یقینی بنانے کی خاطر کوششوں میں شامل ہونے سے اتفاق کیا ہے۔

3 - ایران کے میزائل حملے میں اسرائیل کے شمالی بندرگاہی شہر Haifa میں تیل ریفائنری کو نشانہ بنایا گیا۔

4- چھتیس گڑھ اسمبلی نے مذہب بدلنے کی روک تھام کی خاطر مذہب کی آزادی سے متعلق بل 2026 کو منظوری دے دی ہے۔

5- مہاراشٹر کے گڈچرولی ضلعے میں 11 بڑے ماؤنوازوں نے خود سپردگی کردی ہے۔

6- اور : بھارت کو 2028 میں عالمی انڈور اتھیلیٹکس چیمپین شپ کی میزبانی کے حقوق مل گئے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Amir Qatar

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی سے ٹیلی فون پر بات چیت کی اور انہیں اور قطر کے عوام کو عید کی مبارکباد پیش کی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، وزیر اعظم نے کہا کہ انہوں نے بھارت کے قطر کے ساتھ یگانگت میں کھڑے ہونے کا اعادہ کیا اور وہ خطّے میں توانائی کے بنیادی ڈھانچہ پر کیے جا رہے حملوں کی سخت مذمت کرتے ہیں۔

انہوں نے بھارتی برادری کے لوگوں کی دیکھ بھال اور تعاون کیلئے تشکر کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ خطّے میں امن و استحکام بحال ہو۔

جناب مودی نے مزید کہا کہ بھارت اور قطر دونوں آبنائے ہُرمز میں جہازوں کی محفوظ اور آزادانہ نقل و حرکت کی حمایت کرتے ہیں۔×

European Countries Hormuz

برطانیہ، فرانس، جرمنی، اٹلی، نیدر لینڈس اور جاپان نے آبنائے ہرمز سے ہوکر محفوظ راستے کو یقینی بنانے کیلئے مناسب کوششوں میں شامل ہونے سے اتفاق کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ تیل کی مارکیٹ میں استحکام کیلئے اقدامات کریں گے۔

برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer کے دفتر سے جاری کیے گئے ایک مشترکہ بیان میں اِن ملکوں کے رہنماؤں نے ایران کے حملوں کی مذمت بھی کی اور اُس پر زور دیا کہ وہ انھیں بلا تاخیر روک دے۔ اِن ملکوں نے ایران سے کہا ہے کہ وہ بارودی سرنگیں بچھانے، ڈرون اور میزائل حملے کرنے نیز کمرشل جہاز رانی کے لئے آبنائے ہرمز کو بند کرنے کی دیگر کوششیں بلا تاخیر ترک کردے۔

اِن چھ ملکوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ جہاز رانی کی آزادی بین الاقوامی قوانین کا بنیادی اصول ہے اور ایران کی اِس طرح کی حرکتوں کا اثر دنیا کے سبھی حصوں، خاص طور پر سب سے حساس خطوں میں لوگوں پر ہوگا۔

مذکورہ بیان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کے حملوں کے جواب میں ایران کے جوابی حملوں کے تعلق سے تشویش بڑھتی جا رہی ہے۔ اِس کے علاوہ دونوں طرف کے حملوں کی وجہ سے تیل اور گیس تنصیبات کو نقصان پہنچ رہا ہے، جس کی وجہ سے تیل اور گیس کی قیمتوں میں اچھال آیا ہے۔x

Iran Haifa Attack

اسرائیل نے کہا ہے کہ شمالی شہر Haifa میں ایک تیل ریفائنری کو ایران نے میزائل حملے سے نشانہ بنایا، لیکن کسی بڑے نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔ ایک بیان میں اسرائیل کے توانائی محکمے کے وزیر Eli Cohen نے کہا کہ تیل ریفائنریز پر حملے کے نتیجے میں بجلی کی سپلائی میں کچھ دیر کیلئے رکاوٹ پڑی لیکن بعد میں اِسے بیشتر صارفین کیلئے بحال کردیا گیا۔

ایران نے بدھ کے روز ساحلِ سمندر کے نزدیک اپنے جنوبی Pars گیس فیلڈ پر اسرائیل کے حملے کے جواب میں خلیج کے خطے میں تیل اور گیس کی کئی تنصیبات کو نشانہ بنایا ہے۔ x

Iran West Asia

ایران نے مغربی ایشیا کے ملکوں پر زور دیا ہے کہ وہ امریکہ کو اپنے اپنے علاقوں میں فوجی اڈے استعمال کرنے سے روکیں۔ ایران نے کہا ہے کہ یہ فوجی اڈے ہی موجودہ بحران کی بنیادی وجہ ہیں اور اِن کا استعمال ایران کے خلاف کارروائی کیلئے کیا جا رہا ہے۔

ایران نے تنبیہ کی ہے کہ اِس طرح کی سرگرمیوں کو جارحیت میں سازباز تصور کیا جائے گا۔ ایک سوشل میڈیا

پوسٹ پر ایران کی وزارتِ خارجہ نے اِس بات کی فوری ضرورت پر زور دیا ہے کہ علاقائی ممالک امریکہ اور اسرائیل کو ایران کے خلاف فوجی جارحیت کیلئے اپنے علاقے اور سہولیات کا لگاتار استعمال کرنے سے روکنے کیلئے اقدامات کریں۔x

MEA Briefing

بھارت نے خلیج کے خطے میں توانائی کی تنصیبات پر حالیہ حملوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور انھیں انتہائی پریشان کُن قرار دیا ہے۔ خلیج کے خطے میں توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملوں کے تعلق سے میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ اِن حملوں کی وجہ سے تیل کی عالمی صورتحال میں مزید عدم استحکام کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے جو پہلے ہی غیر یقینی کی کیفیت سے گزر رہی ہے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ اِس طرح کے حملے ناقابل قبول ہیں اور انھیں روکے جانے کی ضرورت ہے۔

نئی دلی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ توانائی کی سپلائی تشویش کا بڑا معاملہ ہے، کیونکہ جہاز رانی کے راستوں میں رکاوٹ پڑ رہی ہے۔

انھوں نے کہا کہ LPG کی دستیابی کی نگرانی کی جا رہی ہے اور سرکار الگ الگ ذرائع سے توانائی حاصل کرنے کی خاطر سرگرمی کے ساتھ کام کرتے ہوئے گھریلو صارفین کو ترجیح دے رہی ہے۔

جناب جیسوال نے کہا کہ عالمی رہنما، مغربی ایشیا کی ابھرتی ہوئی صورتحال پر لگاتار رابطہ قائم کیے ہوئے ہیں اور بھارت نے اِس معاملے پر اپنے موقف سے واضح طور پر آگاہ کردیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ بنگلہ دیش، سری لنکا اور مالدیپ سمیت ہمسایہ ملکوں نے توانائی سے متعلق مدد کی درخواست کی ہے۔

0815 - Randhir - Mea

ایران میں پھنسے ہوئے طلبا کے بارے میں جناب جیسوال نے بتایا کہ کشمیر سے لڑکیوں سمیت بڑی تعداد میں بھارتی طلبا ایران میں ہیں، جو طبی تعلیم کی پڑھائی کیلئے وہاں گئے ہوئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اُن کی مدد کیلئے بھرپور کوشش کر رہا ہے۔ جناب جیسوال نے زور دے کر کہا کہ جو بھی بھارتی شہری ایران کی زمینی سرحد پار کرکے وہاں سے باہر نکلنے کے خواہشمند ہیں، اُن سبھی لوگوں کو بھارتی سفارتخانے کے ساتھ رجوع کرنا چاہیے تاکہ یہ عمل خوش اسلوبی کے ساتھ مکمل ہو سکے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev.Prez.Vrindavan

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج اترپردیش کے ورنداون میں راما کرشن مشن سیوا آشرم اسپتال کے نئے تعمیر شدہ نندکشور سومانی Oncology بلاک کا افتتاح کریں گی۔ صدر جمہوریہ کل سے اترپردیش کے تین روزہ دورے پر ہیں۔
کل شام صدر جمہوریہ Iskcon مندر اور پریم مندر گئی تھیں اور انہوں نے آرتی کی تھی۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Suparna

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ورنداون میں Neeb Karori Baba کی سمادھی پر جائیں گی اور گلہائے عقیدت نذر کریں گی۔ اُن کا Udiya Baba آشرم اور Davanal Kund کا جانے کا بھی پروگرام ہے۔ دوپہر میں صدر جمہوریہ راما کرشنا مشن سیوا آشرم کے نئے Oncology بلاک کا افتتاح کریں گی، جس کا مقصد خطّے میں کینسر کی دیکھ بھال کی سہولتوں کو مستحکم کرنا ہے۔ شام میں صدر جمہوریہ Vatsalya Gram کا دورہ کریں گی، جو بزرگوں، خواتین اور بچوں کی دیکھ بھال کیلئے کام کرنے والی ایک فلاحی تنظیم ہے۔ صدر جمہوریہ کے دورے کے پیش نظر سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔
سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

PM IGNCA

وزیراعظم نریندر مودی نے کل نئی دلی میں اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس کے Trustees سے ملاقات کی اور ملک کی گوناگوں ثقافت کو مزید مقبول بنانے سے متعلق مختلف پہلوؤں پر تبادلۂ خیال کیا۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اِس ملاقات میں اِس سفر میں مزید لوگوں کو شامل کرنے، ڈجیٹل بنیادی اقدامات کے ذریعے رابطوں کو مستحکم بنانے نیز ملک کی شاندار وراثت کو محفوظ رکھنے اور اِسے فروغ دینے میں فنکاروں اور اسکالرس کی مدد کرنے کے طور طریقے تلاش کرنے پر بھی بات ہوئی۔x

Chhatisgarah Freedom Religion Bill

چھتیس گڑھ اسمبلی نے مذہب کی آزادی سے متعلق بل 2026 کو زبانی ووٹ سے منظوری دے دی ہے۔
مذکورہ بل میں دھوکہ دہی، زور زبردستی کرکے، لالچ دے کر یا ڈجیٹل طریقوں سے مذہب بدلنے کی ممانعت کی بات کہی گئی ہے۔ نئے بل کی دفعات کے تحت دھوکہ دہی، ڈرانے دھمانے یا ڈجیٹل وسیلوں سے مذہب بدلنے کی کوئی بھی کوشش قابلِ دست اندازی اور ناقابلِ ضمانت جرم ہوگا۔

مذکورہ بل میں 7 سال سے لے کر 10 سال کی قید کی سزا سمیت سخت سزا کی گنجائش ہے۔ اِس کے علاوہ قصوروار افراد پر کم از کم پانچ لاکھ روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا جائے گا۔ مذکورہ بل میں یہ لازمی بنایا گیا ہے کہ اپنا مذہب بدلنے کے خواہشمند افراد کو مجاز اتھارٹی کو باضابطہ درخواست پیش کرنا ہوگی۔

یہ بل اپوزیشن کی غیر موجودگی میں منظور کیا گیا۔ اپوزیشن ارکان نے مذکورہ بل کو چیدہ کمیٹی کے سپرد کرنے کا مطالبہ کیا تھا جسے نامنظور کردیا گیا۔ اِس کے بعد اپوزیشن ارکان نے واک آؤٹ کیا۔x

Maha Naxal Surrender

ایک اہم واقعے کے تحت مہاراشٹر کے گڑھ چرولی ضلعے میں 11 سینئر ماؤ نوازوں نے پولیس اور CRPF کے سامنے خود سپردگی کر دی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Hemangi

اس گروپ میں وہ ماؤ نواز شامل ہیں، جو ڈویژنل کمیٹی کے ممبران، ایریا کمیٹی کے سکریٹری، کمانڈر اور ایریا کمیٹی کے ارکان کی اہم پوزیشنز پر تھے۔ خود سپردگی کرنے والے ماؤ نوازوں پر مجموعی طور پر 68 لاکھ روپے کا انعام تھا۔

اس دوران گڑھ چرولی پولیس کے سپرنٹنڈنٹ جناب Niltopal نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ بقیہ ماؤ نواز بھی نکسلزم کو بالکل ختم کرنے کی 31 مارچ 2026 کی آخری مدّت سے پہلے خود سپردگی کر دیں گے، جو کم تعداد میں ہیں۔ 2025 کے آغاز کے بعد سے اب تک گڑھ چرولی میں کُل 123 ماؤ نواز خود سپردگی کر چکے ہیں۔

ناگپور سے ہمانگی کُلکرنی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Kerala Congress Candidate List

کانگریس پارٹی نے Keralam میں آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے امیدواروں کی اپنی دوسری فہرست کا اعلان کر دیا ہے اور37 امیدواروں کو چناؤ میدان میں اُتارا ہے۔ پارٹی نے کانگریس کے سینئر رہنماء V S Sivakumar کو Aruvikkara حلقے سے اپنا امیدوار بنایا ہے، جبکہ سابق MLA کے-ایس Sabarinadhan ، Nemom سے چناؤ لڑیں گے۔ اس کے علاوہ Trikaripur سے سندیپ Varier، کوچی سے محمد Shiyas ، Ettumanoor سے Nattakom Suresh اور Aranmula حلقے سے ریاستی یوتھ کانگریس کے سکریٹری Abin Varkey چناؤ لڑیں گے۔ اس سے قبل پارٹی نے آئندہ اسمبلی چناؤ کیلئے 55 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا تھا۔ کیرالہ میں آئندہ ماہ کی 9 تاریخ کو اسمبلی انتخابات ہوں گے، جبکہ ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہوگی۔x

Forbes Billionaries List

بھارتی ایجوکیٹر اور Edtech Emtrepreneur اَلکھ پانڈے دنیا کے ارب پتیوں کی Forbes کی فہرست 2026 میں شامل ہو گئے ہیں۔ 33 سالہ اَلکھ پانڈے انجینئرَنگ کی پڑھائی بیچ میں ہی چھوڑنے کے بعد سال 2014 میں آن لائن فزکس پڑھانے لگے تھے۔ انہوں نے 2020 میں ایک ایڈٹیک کمپنی Physicswallah مشترکہ طور پر قائم کی، جو مختلف امتحانات پاس کرنے میں طلبا کی مدد کرتی تھی۔

Forbes کی ارب پتیوں کی عالمی فہرست میں 229 بھارتی شہریوں میں سب سے زیادہ امیر اور دوسرے سب سے زیادہ امیر بھارتیوں میں کاروباری شخصیات مُکیش امبانی اور گوتم اڈانی شامل ہیں۔×

Rev. India World Indoor Athletics Championships

بھارت نے عالمی انڈور اَیتھلیٹکس چیمپئن شپ 2028 کیلئے میزبانی کے حقوق حاصل کر لیے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Chirag

ایک اہم سنگِ میل کے تحت بھارت پہلی مرتبہ 2028 میں اُڈیشہ میں بھونیشور کے کلنگا اسٹیڈیم کامپلیکس میں عالمی انڈور اَیتھلیٹکس چیمپئن شپ کی میزبانی کرے گا۔ بین الاقوامی ادارے نے پولینڈ کے Torun میں عالمی اَیتھلیٹکس کونسل کی میٹنگ میں اس اہم چیمپئن شپ کی میزبانی کے حقوق بھارت کو دینے کا اعلان کیا۔ بھارتی اَیتھلیٹکس فیڈریشن کے صدر بہادر سنگھ Sagoo نے کہا ہے کہ اس سے عالمی سطح پر بھارتی اَیتھلیٹکس کے بڑھتے ہوئے رتبے کی عکاسی ہوتی ہے۔

اس دوران پولینڈ کے Torun میں آج عالمی انڈور اَیتھلیٹکس چیمپئن شپ 2026 کا آغاز ہو رہا ہے۔ اس چیمپئن شپ میں 26 مقابلے ہوں گے۔ اِن میں مرد و خواتین کیلئے 13-13 مقابلے شامل ہیں۔

چراغ جھا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے آج ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، بہار، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، اُڈیشہ، پنجاب اور اترپردیش میں بھی گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور ژالہ باری ہونے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ساحلی کرناٹک، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائکل، کیرالہ، ماہے اور ملک کے شمال مشرقی حصے میں بھی گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔×

Badminton Orleans Masters

بیڈمنٹن میں، فرانس میں Palais des Sports میں کھیلے جا رہے Orleans Masters میں، تنوی شرما، ایشا رانی بروا اور مالوکا بنسوڑ خواتین سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

خواتین سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں، تنوی نے ہموطن انمول کھرب کو 17-21، 14-21 سے شکست دی، جبکہ ایشا رانی بروا نے کینیڈا کی کھلاڑی Wen Yu Zhang کو 17-21، 21-14، 11-21 سے ہرایا۔ مالوکا بنسوڑ نے ملیشیاء کی کھلاڑی Wong LIng Ching کے خلاف 13-21 ، 22-24 سے جیت درج کی۔

Arjun Madathil Ramachandran اور Hariharan Amsakarunan پر مشتمل بھارتی مردوں کی ڈبلز جوڑی کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے Alexander Dunn اور Adam Pringle کی اسکاٹ لینڈ کی جوڑی کو پری کوارٹر فائنل میں 14-21 ، 24-26 سے شکست دی۔ مردوں کے سنگلز میں، آیوش شیٹی پری کوارٹر فائنل میں جاپان کے Yudai Okimoto سے 21-9، 21-18 ، 9-21 سے ہار گئے۔×

Netanyahu Iran

اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتو یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل اور امریکہ دونوں ایران کے خلاف اپنی فوجی مہم کے ذریعے پوری دنیا کو تحفظ فراہم کر رہے ہیں۔ یروشلم میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیل کے حملوں سے ایران کی فوجی صلاحیت کافی کم ہوگئی ہے۔ انھوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ایران اب یورینیم کو افزودہ نہیں بنا سکتا اور نہ ہی وہ بیلسٹک میزائل تیار کر سکتا ہے۔

اسرائیل کے وزیراعظم نے ایران پر الزام لگایا کہ وہ تیل کی ایک اہم عالمی گزرگاہ میں رکاوٹ ڈال کر دنیا کو blackmail کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ اس طرح کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی۔

نیتن یاہو نے یہ وضاحت بھی کی کہ ایران کے جنوبی Pars گیس فیلڈ ٹھکانے کو نشانہ بنانے کی کارروائی اکیلے اسرائیل نے انجام دی تھی اور اِس میں امریکہ شامل نہیں تھا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ارجمند علی خاں

شکریہ -ستیکا تیاگی

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخباروں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے فرانس، عمان اور ملیشیاء کے سربراہان سے بات چیت کرنے سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ہندوستان

ایکسپریس کی اس حوالے سے سرخی ہے: وزیر اعظم نے مغربی ایشیاء کی صورتحال پر تبادلۂ خیال کرتے ہوئے تنازعات کو فوری طور پر روکنے کی ضرورت پر زور دیا۔

ہندوستان دیسی ڈرون سازی کا عالمی مرکز بننے کیلئے مشن موڈ میں کام کرے: وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کا یہ بیان اخباروں میں نمایاں ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر دفاع کے اس بیان کو بھی جلی سرخیوں میں شائع کیا ہے کہ: مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائنزر MSMEs معاشی ترقی کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

مغربی ایشیا میں کشیدگی میں مزید اضافہ ہونے سے متعلق خبر کو تمام اخباروں نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب نے سرخی لگائی ہے کہ تیل اور گیس تنصیبات پر حملوں سے حالات دھماکہ خیز۔

اخبارات میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ علی لاریجانی کی ہلاکت پر روس اور چین کا شدید ردعمل

☆ غزہ اور مصر کے درمیان رفح کراسنگ کو دوبارہ کھول دیا گیا۔×

<u>آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- وزیراعظم نریندر مودی نے قطر کے امیر سے فون پر بات کی اور مغربی ایشیا کے خطے میں توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملوں کی مذمت کی۔

2- برطانیہ، فرانس، جرمنی، اٹلی، نیدرلینڈس اور جاپان نے آبنائے ہرمز کی سیکیورٹی اور تیل مارکیٹ میں استحکام کو یقینی بنانے کی خاطر کوششوں میں شامل ہونے سے اتفاق کیا ہے۔

3 - ایران کے میزائل حملے میں اسرائیل کے شمالی بندرگاہی شہر Haifa میں تیل ریفائنری کو نشانہ بنایا گیا۔

4- چھتیس گڑھ اسمبلی نے مذہب بدلنے کی روک تھام کی خاطر مذہب کی آزادی سے متعلق بل 2026 کو منظوری دے دی ہے۔

5- مہاراشٹر کے گڈچرولی ضلع میں 11 بڑے ماؤنوازوں نے خود سپردگی کردی ہے۔

6- اور : بھارت کو 2028 میں عالمی انڈور اتھلیٹکس چیمپین شپ کی میزبانی کے حقوق مل گئے ہیں۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

------------------------------------